سوال

میں ملک بسنے اورشہریت حاصل کرنے کےلیے کافرہ عورت سے شادی کرنا چاہتا ہوں کیا صرف اسی غرض سے شادی کرنا جائزہے ؟

جواب

الحمدللہ

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا توان کا جواب تھا :

جب وہ حلال عورتوں میں سے ہوتواس سے نکاح کرنا صحیح ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

عورت سے چاروجوہات کی بنا پرشادی کی جاتی ہے اس کے مال کی وجہ ، اس کے حسب ونسب کی وجہ سے ، اس کی خوبصورتی وجمال کی وجہ سے ، اس کے دین کی وجہ سے ، تمہارے ہاتھ خاک میں ملیں دین والی کواختیار کرو ۔

تواس میں مال کی وجہ سے بھی نکاح کا ذکر ہے اوریہ بھی اس مال کی طرح ہے ، اس لیے اگروہ شہریت کے حصول اورملک میں بسنے کےلیے شادی کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن اس میں شرط یہ ہے کہ اس کی نیت یہ ہونی چاہیے کہ جب اسے شہریت مل جائے تواسے طلاق دے دے گا ۔ .

اسلام سوال وجواب

3975